پشاور سے قسطنطنیہ تک

ایک پرخطر داستان

سفر نامہ

محمد آصف عادل

بسم الله الرحمن الرحيم

کتاب کا نام	پشاور سے قسطنطنیہ تک
مصنف	محمد آصف عادل
صفحے	۱۸۰
کمپوزنگ اور ڈیزائن	محمد آصف عادل
چھاپ کی جگہ	ابو موسی بک پرنٹنگ لاہور
تعداد	۱۰۰۰
چھاپ کا سال	اکتوبر ۲۰۲۵
قیمت	۲۵۰

فہرست

ان تمام لوگوں کے نام جنہوں نے میری زندگی کے ہر موڑ

پہ میرا ساتھ دیا اور میرا سپورٹ سسٹم بنے رہیں

محض الفاظ نہیں حقیقت

یہ تحریر محض الفاظ کا مجموعہ نہیں بلکہ ان تمام نوجوانوں کے لیے ایک دردمندانہ پکار ہے جو روشن مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے غیر قانونی ہجرت یا ڈنکی کے خونی راستے کا انتخاب کرتے ہیں۔ میرا یہ سفر نامہ گواہ ہے کہ یہ راستہ جتنا سہانا ایجنٹوں کی باتوں میں لگتا ہے حقیقت میں اس سے کہیں زیادہ ہولناک اور وحشت ناک ہے۔ سب سے پہلی بات جو سمجھنے کی ہے وہ یہ کہ ایجنٹ آپ کو انسان نہیں بلکہ رقم کا بنڈل سمجھتے ہیں۔ ان کے لیے آپ کی زندگی کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ وہ آپ کو شیریں چائے جیسے کوڈ ورڈز دے کر یہ احساس دلاتے ہیں کہ آپ کسی خفیہ مشن پر ہیں لیکن حقیقت میں آپ ایک ایسی دلدل میں قدم رکھ چکے ہوتے ہیں جہاں سے واپسی کا راستہ صرف معجزہ ہی ہو سکتا ہے۔ وہ آپ کو گڑھوں میں بٹھاتے ہیں جانوروں کی طرح گاڑیوں میں ٹھونستے ہیں اور ذرا سی مخالفت پر خون بہانے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ میں نے اپنی دکان اور اپنی جمع پونجی اس سفر کی نذر کر دی۔ اکثر لوگ قرض اٹھا کر یا

زمین بیچ کر یہ قدم اٹھاتے ہیں۔ یاد رکھیے اس راستے میں قدم قدم پر آپ کو لوٹا جائے گا۔ کبھی سم کارڈ کے نام پر کبھی پانی کی بوتل کے نام پر اور کبھی خوابگاہ کے کرائے کے نام پر۔ آپ کے پاس موجود اضافی رقم ایجنٹوں کے پالے ہوئے چور چھین لیں گے۔ انجامِ کار آپ نہ صرف جسمانی طور پر معذور یا زخمی ہو جاتے ہیں بلکہ مالی طور پر بھی اس مقام پر پہنچ جاتے ہیں جہاں سے دوبارہ کھڑا ہونا ناممکن دکھائی دیتا ہے۔ صحرا کی تپتی دھوپ برفیلے پہاڑوں کی ہڈیوں میں اترتی سردی بھوک پیاس اور تنگ نالوں میں دم گھٹنے کا تجربہ ایک ایسی نفسیاتی چوٹ ہے جو عمر بھر آپ کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔ جب آپ اپنے سامنے ساتھیوں کو مرتے پٹتے یا ذلیل ہوتے دیکھتے ہیں تو انسانیت پر سے بھروسہ اٹھ جاتا ہے۔ کیا چند ٹکوں کی خاطر اپنی عزتِ نفس کا اس طرح جنازہ نکالنا درست ہے؟ جیسا کہ میں نے پہلے کہا وہاں زندہ رہنے کا اصول خاموشی ہے۔ آپ کو اپنے سامنے ہوتے ظلم پر آواز اٹھانے کی اجازت نہیں ہوتی۔ اگر آپ غیرت مند ہیں اور کسی کی مدد کرنا چاہتے ہیں تو میری طرح لہولہان کر دیے جائیں گے۔ یہ راستہ

آپ سے آپ کی غیرت اور ضمیر کا سودا مانگتا ہے۔ میرے بھائیو رزقِ حلال کی تلاش عبادت ہے لیکن اپنی جان کو جان بوجھ کر ہلاکت میں ڈالنا گناہ ہے۔ اپنے ملک میں رہ کر محنت کرنا چھوٹا کاروبار کرنا یا قانونی طریقے سے باہر جانے کی کوشش کرنا ہزار درجے بہتر ہے اس ذلت سے جو ایران اور ترکی کے پہاڑوں میں بکھری پڑی ہے۔ جو رقم آپ ایجنٹوں کو دیتے ہیں اسی سے اپنے ملک میں کوئی باعزت کام شروع کیا جا سکتا ہے۔ یہ راستہ موت کا راستہ ہے۔ اس میں کامیابی کا تناسب بہت کم اور ذلت کا امکان صد فیصد ہے۔ میری تمام والدین اور نوجوانوں سے التجا ہے کہ ایجنٹوں کے سبز باغ دیکھ کر اپنی اور اپنے پیاروں کی زندگی داؤ پر نہ لگائیں۔ وطن کی مٹی میں سوکھی روٹی کھانا پردیس کے ان خونی صحراؤں میں سسک کر مرنے سے بہتر ہے۔ یہ محض ایک سفر کی روداد نہیں بلکہ ایک ایسی آگ سے واپسی کی کہانی ہے جس میں ہزاروں معصوم زندگیاں خاکستر ہو چکی ہیں۔ میرا مقصد کسی کی ہمت توڑنا نہیں بلکہ اس سراسر خسارے کے سودے سے خبردار کرنا ہے جسے ایجنٹ بڑی خوبصورتی سے روشن مستقبل

بنا کر پیش کرتے ہیں۔اسلام ہمیں رزقِ حلال کے لیے جدوجہد کا حکم دیتا ہے لیکن ساتھ ہی اپنی جان کی حفاظت کو فرض قرار دیا ہے۔قرآنِ پاک میں واضح ارشاد ہے**اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں نہ ڈالو۔ سورۃ البقرہ 195**۔اس غیر قانونی سفر میں جس طرح ہم دم گھٹتے پائپوں سے گزرے تپتے صحراؤں میں پیاس سے تڑپے اور ظالم ایجنٹوں کے تشدد کا نشانہ بنے یہ سب جانتے بوجھتے موت کے منہ میں جانے کے مترادف ہے۔ جان اللہ کی امانت ہے اور اس طرح جان بوجھ کر خطرے میں ڈالنا مذہبی طور پر بھی سخت ناپسندیدہ عمل ہے۔لوگ سمجھتے ہیں کہ بارڈر پار کرنا ہی آخری منزل ہے حالانکہ اصل مصیبت وہاں سے شروع ہوتی ہے۔ غیر قانونی سرحد پار کرنے پر آپ بین الاقوامی مجرم بن جاتے ہیں۔اگر آپ پکڑے جائیں تو نہ صرف ملک بدری کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ آپ پر ہمیشہ کے لیے قانونی سفر کے دروازے بند ہو سکتے ہیں۔آپ جن لوگوں کو لاکھوں روپے دیتے ہیں وہ قانونی طور پر انسانی اسمگلر ہیں۔ان کا کوئی ایمان نہیں ہوتا۔ وہ آپ کو بیچ سکتے ہیں آپ کے

اعضاء نکال سکتے ہیں یا آپ کو اغوا کر کے تاوان مانگ سکتے ہیں۔ ترکی اور ایران کے بارڈرز پر جس طرح ہمیں فوجیوں نے ہانکا ہمیں جانوروں کی طرح ایک قطار میں کھڑا کر کے پیٹا گیا وہ لمحہ ایک غیرت مند انسان کے لیے موت سے زیادہ تلخ ہوتا ہے۔ جب آپ واپس خالی ہاتھ اور زخمی بدن کے ساتھ اپنے گھر لوٹتے ہیں تو وہ ذہنی دباؤ اور ندامت آپ کو جیتے جی مار دیتی ہے۔ میں نے اپنی دکان بیچی کسی نے زمین بیچی ہو گی تو کسی نے زیور۔ وہ لاکھوں روپے جو ہم نے ان درندوں کی جیبوں میں ڈالے اگر وہی رقم ہم اپنے ملک میں کسی چھوٹے ہنر یا کاروبار میں لگاتے تو شاید آج ہم اپنے پیاروں کے درمیان عزت کی زندگی گزار رہے ہوتے۔ اپنے ملک کی مٹی میں اتنی برکت ضرور ہے کہ اگر ہم اتنی ہی مشقت یہاں کریں جتنی ان پہاڑوں میں کی تو ہم بھوکے نہیں مریں گے۔ میرے بھائیو بیرونِ ملک جانے کا شوق برا نہیں لیکن اسے قانونی راستے سے حاصل کریں۔ اگر آپ کے پاس ہنر ہے تو پوری دنیا آپ کے لیے کھلی ہے۔ لیکن یہ ڈنکی کا راستہ صرف ذلت خون اور آنسوؤں کا راستہ ہے۔ ایجنٹوں

کے جھوٹے وعدوں پر یقین نہ کریں۔ سوشل میڈیا پر دکھائی جانے والی یورپ کی رنگین ویڈیوز کے پیچھے چھپی ان لاشوں کو دیکھیں جو ایران اور ترکی کے پہاڑوں میں بے گور و کفن پڑی ہیں۔ اپنی ماں کی دعا اور باپ کی چھاؤں کو اس ذلت کے بدلے مت بیچیں۔ خدا کے لیے اس راستے کو ترک کر دیں۔ میں نے جو دیکھا جو سہا اور جو محسوس کیا وہ میں نہیں چاہتا کہ میرا کوئی اور بھائی یا نوجوان محسوس کرے۔ یہ راستہ آپ کو منزل پر نہیں مقتل میں لے جاتا ہے۔ آخر میں میں یہ بات نہایت انکسار کے ساتھ عرض گزار ہوں کہ چونکہ میرا شمار کسی مستند یا مستقل لکھاری کے طور پر نہیں ہوتا اس لیے قوی امکان ہے کہ میرا یہ سفر نامہ گرامر کی اغلاط رموزِ اوقاف کی لغزشوں اور جملہ بندی کی سقم جیسی متعدد خامیوں کی زد میں ہو جس کے لیے میں اپنے قارئین سے پیشگی معذرت کا طلب گار ہوں در حقیقت میرا مقصد اپنی مہارت یا فن کی گہرائی کا اظہار کرنا ہر گز نہیں بلکہ اپنی ذات کی طرح تلاشِ راہ میں بھٹکے ہوئے دوستوں کی محض اصلاح اور رہنمائی کرنا ہے اور میں تہہِ دل سے ان تمام احباب کا بے حد مشکور و

ممنون ہوں جنہوں نے اس ناچیز کی حوصلہ افزائی کے لیے اپنے قیمتی الفاظ کو میری کتاب کی زینت بنایااور میری اس ادھوری سی کاوش کواپنی گراں قدر آراء سے وہ تقویت بخشی کہ یہ آج آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

آپکاخیر خوا

محمد آصف عادل

یہ میری زندگی کی ایک حقیقی سفر نامہ ہے اور اس کا ایک ایک لفظ سچائی پر مبنی ہے۔اس سفر نامے کا ہر لمحہ تکلیف اور درد سے بھرا ہوا ہے اور یہ میری زندگی کی تلخ ترین لیکن عبرت ناک یادوں میں سے ایک ہے۔

روانگی اور سفر کا مقصد

چھوٹی عید کے دن میں اپنے پھوپھی زاد بھائی علی خان کے ساتھ پشاور کے بس ٹرمینل سے کوئٹہ بلوچستان کی طرف روانہ ہوا۔ علی خان میری پھوپھی کا بیٹا ہے جس کے والدین وفات پا چکے ہیں اور ہم نے اسے اپنے بچوں کی طرح پالا ہے۔ اس مشکل سفر میں وہ میرا واحد ساتھی تھا۔اس سفر کے پیچھے ایک تلخ حقیقت تھی۔ میں شدید مالی بحران کا شکار تھا اور قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا تھا۔ایک دن میرا ایک دوست جو میری دکان میں ڈیٹا کا کام کرتا تھا اور میرے مالی حالات سے واقف تھا دکان پر آیا اور اس نے بیرون ملک جانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ میں نے بھی اپنے ارادے کا اظہار کیا لیکن اسے اپنی مجبوری بتائی کہ میرے پاس

اتنے وسائل نہیں ہیں تو وہ ہنسا اور کہنے لگا بھائی دوست کس دن کے لیے ہوتے ہیں؟ وہ صبح سبزی منڈی میں کام کرتا تھا اور دو بجے کے بعد میں نے بغیر کرایے کے اپنی دکان میں اسے ایک کاؤنٹر دیا ہوا تھا جہاں وہ کمپیوٹر سسٹم کے ذریعے موبائل اور یو-ایس-بی و میموری کارڈ میں ڈیٹا ڈالنے کا کام کرتا تھا۔ اس کی مالی حالت کچھ بہتر تھی۔ چنانچہ میں نے اپنی دکان فروخت کر دی اور 72,000 بہتر ہزار روپے اس نے مجھے قرضِ حسنہ کے طور پر دیے۔ چونکہ قانونی طور پر جانے کے وسائل نہیں تھے اس لیے ہم نے ڈنکی ایجنٹ کے ذریعے غیر قانونی راستہ لگانے کا فیصلہ کیا۔

ایجنٹ سے رابطہ اور تیاری

ایجنٹ کو تلاش کرنا اور اس ارادے کو عملی جامہ پہنانا ایک مشکل مرحلہ تھا۔ بہت سے مشوروں اور گھومنے پھرنے کے بعد ہمیں غفار نامی ایک ایجنٹ ملا جو ضلع مردان صوابی کا رہنے والا تھا۔ غفار کے ساتھ ایک لاکھ بیس ہزار روپے

میں سودا طے ہوا اور روانگی کے لیے چھوٹی عید کا تیسرا دن مقرر کیا گیا۔ میرے خاندان اور چند قریبی دوستوں کے علاوہ کوئی دوسرا اس سفر کے بارے میں باخبر نہ تھا۔ دوست کے قرضِ حسنہ اور موبائل ریپیئرنگ کی دکان بیچنے سے میں نے سفر کے اخراجات پورے کیے۔ میرا وہ دوسرا دوست اپنی والدہ کی بیماری کی وجہ سے رہ گیا لیکن اس نے میری مالی مدد کی جبکہ علی خان کے پیسوں کا بندوبست اس کے چچا نے کیا۔

کوئٹہ تک کا سفر

پشاور سے روانہ ہو کر ہمارا پہلا پڑاؤ درہ آدم خیل میں تھا۔ درہ آدم خیل خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں واقع ایک تاریخی اور جغرافیائی لحاظ سے اہم قصبہ ہے جو پشاور اور کوہاٹ کے درمیان ایک پہاڑی سلسلے میں واقع ہے اور صدیوں سے اپنی مخصوص روایات اور ثقافت کی وجہ سے پوری دنیا میں پہچانا جاتا ہے۔ یہ علاقہ آفریدی قبائل کی آدم خیل شاخ کا مسکن ہے جس کی بہادری اور مہمان

نوازی کے قصے تاریخ کا حصہ ہیں۔ درہ آدم خیل کی سب سے بڑی شہرت یہاں کی اسلحہ سازی کی صنعت ہے جہاں کاریگر نسل در نسل بغیر کسی جدید مشینری کی مدد کے صرف ہاتھوں اور سادہ اوزاروں کی مدد سے دنیا کے جدید اسلحے کی ہو بہو نقل بنانے کی حیرت انگیز مہارت رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اسے دنیا کی سب سے بڑی ہاتھ سے بنے اسلحے کی مارکیٹ بھی کہا جاتا ہے۔ یہاں کی تنگ گلیاں اور بازار اسلحے کی دکانوں سے بھرے ہوئے ہیں جہاں چھوٹی پستول سے لے کر جدید رائفلوں تک بنائی جاتی ہیں جو یہاں کے لوگوں کے روزگار کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ اسلحہ سازی کے علاوہ درہ آدم خیل اپنی دشوار گزار پہاڑی چوٹیوں اور اسٹریٹجک محل وقوع کی وجہ سے بھی اہمیت رکھتا ہے کیونکہ یہ کوہاٹ ٹنل کے ذریعے جنوب اور شمال کو جوڑنے کا ایک اہم راستہ فراہم کرتا ہے۔ یہاں کی سماجی زندگی قبائلی روایات جرگہ سسٹم اور خاندانی غیرت کے محور پر گھومتی ہے جہاں آج بھی بزرگوں کے فیصلوں کو اولیت دی جاتی ہے۔ اگرچہ حالیہ برسوں میں تعلیم اور سماجی ترقی کی طرف توجہ بڑھی ہے اور یہاں کے بہت سے

نوجوان اب مختلف پیشوں سے وابستہ ہیں لیکن درہ آدم خیل کی پہچان آج بھی وہی لوہا پگھلانے والے کاریگر اور وہ فولادی عزم ہے جو اس درے کی ہواؤں میں بسا ہوا ہے۔ یہ علاقہ نہ صرف ایک تجارتی مرکز ہے بلکہ پشتون قبائلی فن مہارت اور خودداری کی ایک ایسی زندہ مثال ہے جس کی نظیر پوری دنیا میں کہیں اور نہیں ملتی۔

وہاں سے ہم نے کھانے پینے کا سامان خریدا اور کوہاٹ لاچی کرک اور لکی مروت کے راستے ڈی آئی خان پہنچے۔ وہاں ہم نے مشہور سوہن حلوہ کھایا اور پھر ژوب قلعہ سیف اللہ اور کچلاک کے راستے تقریباً 17 گھنٹے کی مسافت کے بعد کوئٹہ پہنچ گئے۔ راستے میں جگہ جگہ فوج کے چیک پوسٹ تھے جو شناخت پہچان کے بعد ہمیں آگے جانے کی اجازت دیتے تھے۔

موت کے سوداگر

کوئٹہ میں ہم نے ولی اڈے کے قریب ایک کمرہ کرائے پر لیا۔ کمرہ دو افراد کے لیے تھا یعنی اس میں دو بیڈ موجود تھے کمرہ صاف اور ہوادار تھا اور اس میں ٹیلی ویژن بھی موجود تھا اس کے ساتھ ہی اٹیچ باتھ روم تھا۔ کل صبح دس بجے تک کے لیے ہم نے اسے تین ہزار کرائے پر لیا۔ رات کے چار بجے غفار کی کال آئی اور اس نے ہمیں موبائل پر دوسرے ایجنٹ کے حوالے کر دیا۔ ہمیں ایک خفیہ کوڈ دیا گیا شیریں چائے۔ ہمیں تاکید کی گئی کہ صرف اسی کوڈ والے ایجنٹ کے ساتھ جانا ورنہ دوسرے ایجنٹ تمہیں اغوا کر لیں گے بلیک میل کریں گے اور تمہارے مارنے پیٹنے کی ویڈیوز گھر والوں کو بھیج کر ان سے پیسے مانگیں گے۔ اس ایجنٹ کا نام محمد تھا اور وہ قوم کا بلوچ تھا جو ہمیں دالبندین لے گیا اور وہاں ایک ڈھابے میں بٹھا دیا۔ کچھ دیر بعد ایک لمبے بالوں والا شخص آیا وہ بھی بلوچ تھا اور **مولانا** کے نام سے مشہور تھا۔ تقریباً آدھے گھنٹے بعد وہ ہمیں ایک دوسرے شخص کے پاس لے گیا راستہ مکمل تاریک تھا اور اس شخص کے پاس کلاشنکوف

اور پستول تھی۔ ہم بہت زیادہ ڈر رہے تھے علی خان مجھے اور میں علی خان کو دیکھ رہا تھا اور دل میں آیت الکرسی کا ورد کر رہے تھے۔ یہ ہماری زندگی کی پہلی راتیں تھیں جو ہم گھر سے باہر گزار رہے تھے۔ ماحول بھی بدلا ہوا تھا تو ڈرنا فطری بات تھی۔

ایجنٹ کے بعد ایجنٹ

مولانا نے ہمیں پھر احمد نامی ایجنٹ کے حوالے کر دیا۔ احمد ہمیں ایک ویران صحرا میں لے گیا اور زمین میں کھودے گئے ایک گڑھے میں بٹھا دیا۔ گڑھا گہرا تھا لیکن اس میں اترنے کے لیے سیڑھیوں کی شکل میں راستہ بنا ہوا تھا۔ اس نے کہا کہ یہاں مختیار تمہارے پاس آئے گا۔ جب مختیار آیا تو مرغ کی اذان کا وقت تھا یعنی صبح کی روشنی پھیلنے کی تیاری میں تھی۔ مختیار ہمیں ایک کچے گھر میں لے گیا اور کہا کہ میں تمہارے لیے روٹی کا انتظام کرتا ہوں۔ مختیار بھی بلوچ تھا اور ٹوٹی پھوٹی اردو بول رہا تھا۔ ہم نے بھی سفر اور تھکن کی وجہ سے

بھوک محسوس کی تھی۔ لیکن جب وہ روٹی اور سالن لایا تو روٹی لکڑی کی طرح خشک تھی اور سالن صرف نام کا تھا۔ میں نے اور علی نے پھر ایک دوسرے کو دیکھا کہ یہاں مہمان کی ایسی مہمان نوازی کی جاتی ہے۔ بلکہ ہمارے منہ تو تب حیرت سے کھلے رہ گئے جب کھانے کے بعد اس نے ایک وقت کی خشک روٹی کی قیمت 3 ہزار روپے اور کمرے کا کرایہ 5 ہزار روپے فی کس وصول کیا۔ بحث کرنے پر اس نے ہمیں سزا دی اور موبائل بھی ہم سے بند کروا دیے۔ اگلے دن ہم نے روٹی سے انکار کر دیا لیکن کمرے کا کرایہ پھر بھی مار کھا کر دو افراد کا تین ہزار روپے دیا۔ اگلے دن وہ چار پنجابیوں کو اور لائے جن کے نام اس ترتیب سے تھے شہزاد ثقلین چیمہ اور گجر۔ اور دوسرے دن دو اور افراد قاری اور بلال کو لائے۔ شہزاد ثقلین چیمہ اور گجر کا تعلق صوبہ پنجاب کے علاقے وزیر آباد گجرات سے تھا۔ قاری اور بلال کا تعلق صوابی سے تھا۔ اس طرح شیریں چائے گروپ کے ممبران کی تعداد آٹھ ہو گئی۔ ہماری طرح انہیں بھی لوٹا گیا اور یہ سلسلہ دو دن تک جاری رہا۔

بلوچستان کی جھلساتی صحرا

مختیار نے ہمیں ایک بچے کے حوالے کیا جسے وہ راہ بلد راستہ جانے والا کہتے تھے۔ یہ بھیڑوں اور بکریوں کے ایک بڑے ریوڑ کی مانند ایک کاروان تھا جس کا لیڈر وہ بچہ تھا۔ راستے میں دوسرے ایجنٹ موٹر سائیکلوں پر آتے جن کے پیچھے انہوں نے ستلو کی بوریوں سے جھول جو گدھے یا گھوڑے پر لادی جاتی ہے بنائی ہوئی تھی جس میں خشک روٹی لسی پانی بسکٹ اور دیگر ضرورت کا سامان تھا جسے وہ ہم بے بس لوگوں پر ہزار فیصد سے بھی زیادہ منافع پر فروخت کرتے تھے۔ مختیار نے کہا تھا کہ اپنے ساتھ زیادہ پانی لے لو ورنہ پھر نہیں ملے گا اور ایسا ہی تھا۔ غفار کے مطابق پیدل راستہ تقریباً 45 منٹ کا تھا تو ہم نے سوچا کہ 45 منٹ کے لیے دو بوتل پانی کافی ہے۔ لیکن یہ ہماری خام خیالی تھی کیونکہ راستہ بہت لمبا اور گرمی حد درجے زیادہ تھی اور 15 روپے والی بوتل 1000 روپے میں مل رہی تھی۔ بلکہ وقت گزرنے اور گرمی بڑھنے کے ساتھ وہ اس کی قیمت بھی بڑھا دیتے۔ حشر کا میدان تھا پانی کے لیے لوگ ایک دوسرے

کو ایمان تک دے رہے تھے۔ اف محشر کے دن کیا حال ہو گا۔ یا ربِ کریم ہم بہت خطاکار اور سیاہ کار ہیں اے مالک ہمیں بلا حساب و کتاب جنت کا حقدار بنا دے آمین ثم آمین۔ آخر کار ہمارے پاس پیسوں کی سکت بھی اتنی نہ رہی۔ پیاس بڑھ گئی وجود بوجھ بن گیا اور ایسے حالات آگئے کہ لوگوں نے پاؤں گھسیٹنا شروع کر دیے کوئی کہاں اور کوئی کہاں پیچھے رہ گیا۔

بلوچستان کی جھلساتی ہوئی ریت اور بے رحم سورج میں زندگی کی امیدیں مرجھا رہی تھیں۔ یہ وہ وقت تھا جب ہم پانچ چھ افراد اپنے کاروان سے بچھڑ کر گم ہو چکے تھے۔ یہ کاروان مختلف گروہوں کا مجموعہ تھا۔ اس گرم صحرا میں دور دور تک دھول کے بگولوں کے سوا کچھ دکھائی نہیں دیتا تھا نہ ہمارے پاس خوراک کا ایک دانہ تھا اور نہ پانی کا ایک قطرہ۔ پیاس کی وجہ سے حلق میں جیسے کانٹے اگ آئے تھے اور میری زبان خشک ہو کر تالو سے چپک گئی تھی۔ ہم اتنے بے بس ہو چکے تھے کہ ایک گڑھے میں کھڑے بدبودار اور کیڑوں والے پانی پر ایک دوسرے سے لڑ پڑے اور ایک دوسرے کو زخمی کر دیا۔

اسی حال میں علی خان اور دوسرے ساتھیوں نے مجھے انتہائی ناامیدی کی حالت میں چھوڑا اور آگے نکل گئے کیونکہ مجھ میں مزید چلنے کی ہمت باقی نہ رہی تھی۔ میں ریت پر اوندھے منہ پڑا تھا آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا رہا تھا اور میں محسوس کر رہا تھا کہ موت میرے سامنے رقص کر رہی ہے۔ بات یہاں تک پہنچ چکی تھی کہ آسمان میں گدھوں نے مجھے مردہ سمجھ لیا اور فضا میں چکر لگانا شروع کر دیے۔ لیکن شاید ابھی میری زندگی باقی تھی علی خان جو آگے گیا تھا اسے ایک قافلہ مل گیا اور وہ کہیں سے پانی کی دو بوتلیں لے آیا۔ اس نے میرے چہرے پر پانی کے چھینٹے مارے اور تھوڑا سا پانی مجھے پلایا تاکہ میری سانس بحال ہو سکے۔

آزمائش کا لمحہ

جب میری طبیعت کچھ بحال ہوئی تو ہم نے ایک ایجنٹ کو پانچ ہزار روپے دیے تاکہ وہ ہمیں کسی محفوظ جگہ پہنچا دے۔ اس نے ہمیں ایک موٹر سائیکل کے

پیچھے بٹھایا اور صحرا کے بیچ و بیچ ایک ایسی جگہ چھوڑ دیا جہاں دور دور تک صرف ریت اور آگ برساتا سورج تھا۔ اس نے جاتے ہوئے کہا یہاں انتظار کرو میں تمہارے لیے گاڑی بھیجتا ہوں۔ گھنٹوں گزر گئے لیکن گاڑی کا کہیں نام و نشان نہ تھا۔ بھوک اور پیاس نے نڈھال کر دیا تھا۔ میرا پھوپھی زاد بھائی علی خان جو یتیم تھا ہمت ہار گیا اور بچوں کی طرح اونچی آواز میں رونے لگا۔ اس کی آنکھوں کے آنسوؤں نے میرا دل ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ میں نے اسی بے بسی میں اللہ کے دربار میں ہاتھ اٹھا دیے۔ میں نے زار و قطار فریاد کی ندامت کے آنسو بہائے اور وہیں ریت پر دو رکعت نمازِ حاجت ادا کی۔ میں نے رو کر دعا کی یا اللہ تو تو ستر ماؤں سے زیادہ محبت کرنے والا ہے اس جھلساتی ہوئی صحرا میں تیرے سوا ہمارا کوئی مدد گار نہیں ہے۔

غیبی بچہ اور آسمانی دستر خوان

میری دعا ابھی ختم نہیں ہوئی تھی اور ہاتھ ابھی چہرے پر نہیں پھیرے تھے کہ ریت کے ایک ٹیلے کے پیچھے سے ایک چار پانچ سالہ معصوم بچہ نمودار ہوا۔ وہ منظر آج بھی میری آنکھوں میں نقش ہے اس بچے کا سر تازہ منڈوایا ہوا تھا اور اس کے ہاتھوں میں آٹے کا ایک تھیلا تھا۔ اس بنجر اور جھلساتی ہوئی صحرا میں جہاں میلوں تک انسانی آبادی کا سراغ نہ تھا اس ننھے بچے کا ظاہر ہونا کسی معجزے سے کم نہ تھا۔ میں نے حیرت اور امید کے ملے جلے جذبات سے اسے دیکھا۔ اس نے آٹے کا تھیلا میری طرف بڑھادیا۔ میں نے اپنی جیب سے پیسے نکالے کہ اسے دے دوں لیکن اس نے نفی میں سر ہلا دیا۔ میں نے جب لرزتے ہاتھوں سے تھیلے کا منہ کھولا تو میرے ہوش اڑ گئے۔ تھیلے میں دس عدد پراٹھے تھے جو اتنے گرم تھے جیسے ابھی ابھی توے سے اتارے گئے ہوں۔ ان پراٹھوں کی خوشبو نے میری روح تازہ کر دی۔ اس کے ساتھ ٹھنڈے پانی کی دو بوتلیں بھی تھیں جن کے اوپر شبنم کے قطروں سے یہ گواہی مل رہی تھی کہ

یہ پانی ابھی کسی ٹھنڈے فریج سے نکالا گیا ہے۔جب میں نے حیرت سے دوبارہ بچے کی طرف دیکھا تو وہ وہاں نہیں تھا۔ وہ چند سیکنڈوں میں میری نظروں سے اوجھل ہو چکا تھا۔ریت کے اس ہموار میدان میں چھپنے کی کوئی جگہ نہ تھی وہ بچہ جیسے آیا تھا ویسے ہی غائب ہو گیا۔ میں اور علی خان ایک دوسرے کا منہ حیرت سے تکتے رہ گئے وہ کوئی عام انسان نہیں تھا وہ یقیناًاللہ کا کوئی فرشتہ یا غیبی نصرت تھی جو ہماری توبہ اور زاری کے جواب میں عرش سے بھیجی گئی تھی۔ہم نے وہ پراٹھے کھائے اور پانی پیا جس سے ہمارے مردہ وجود میں نئی زندگی پیدا ہو گئی۔ وہ خوراک صرف خوراک نہیں تھی وہ اللہ کی طرف سے بھیجا گیا من وسلویٰ تھا جس نے ہمیں یہ احساس دلایا کہ جب دنیا کے تمام دروازے بند ہو جائیں تو اللہ کی نصرت وہیں سے شروع ہوتی ہے جہاں انسانی عقل دنگ رہ جائے۔ ہم جو دن بھر اذیتوں سے چور تھے پھیلتے ہی نیند کی وادی میں کھو گئے تھے۔تقریبا رات کا کوئی پہر تھا کہ گاڑی کی گڑگڑاہٹ سے میری آنکھ کھلی ۔یہ ہمارے ایجنٹ تھے جو تھوڑے غصے اور گالیوں کے بعد مجھے او علی خان کو ساتھ لے

گئے۔رات خواب گاہ میں گزاری لیکن بغیر نیند کے کیونکہ خوابگاہ میں مسافر زیادہ تھے۔اور جگہ چھوٹی تھی لہذا بیٹھنے کی جگہ اتنے مشکل سے ملی تھی۔

ایران کا صحرا اور تشدد کا آغاز

اگلے دن انہوں نے ہمیں 18 افراد کو ایک چھوٹی ڈاٹسن گاڑی میں اس طرح ٹھونسا کہ آٹھ گھنٹوں کا وہ سفر کسی عذاب سے کم نہ تھا۔ گاڑی کی لائٹیں بند تھیں اور ہم موت کے سائے میں سفر کر رہے تھے۔ میری زبان پر صرف سورہ یٰسین اور آیت الکرسی کا ورد تھا۔ایران میں داخل ہوتے ہی ہمیں ایک گھر میں قید کر دیا گیا جہاں پانی کا ایک گلاس بھی ہزار روپے میں مل رہا تھا۔ وہاں عمران نامی ایجنٹ کا قانون بہت سخت تھا اور وہ چھوٹی سی بات پر ہمیں بچوں کی طرح پیٹتا تھا۔ پھر ہمیں جھلستے ہوئے صحراؤں اور پہاڑوں میں آزاد چھوڑ دیا گیا جہاں بھوک پیاس اور گرمی کی وجہ سے ہمارے ہونٹ خشک ہو کر پھٹ گئے۔ شیراز پہنچنے پر تلاشی کے دوران ہمارے آدھے پیسے چھین لیے گئے اور زبردستی چھ

ہزار کا سم کارڈ لینے پر مجبور کیا گیا۔ پنجاب سے تعلق رکھنے والے لڑکوں کے ساتھ ایجنٹوں کا رویہ بہت وحشیانہ تھا۔

سفاک قاتل

اسی کٹھن سفر میں ایک ایسا دلدوز واقعہ پیش آیا جس نے انسانیت کا سر شرم سے جھکا دیا۔ ہمارے قافلے میں ایک شخص کو اچانک اپینڈکس کا شدید درد شروع ہوا۔ وہ تکلیف سے تڑپ رہا تھا لیکن ایجنٹ کے دل میں رحم کے بجائے یہ خوف پیدا ہوا کہ اس کی بیماری اور چیخوں کی وجہ سے ہم سب پکڑے جائیں گے۔ ایجنٹ نے بے رحمی کی انتہا کر دی اس نے بیمار آدمی کے بھتیجے کے ہاتھ میں چھرا دیا اور اسے حکم دیا کہ اپنے چچا کو ختم کر دو۔ بھتیجا کیسے یہ ہمت کر سکتا تھا کہ اپنے سگے چچا پر وار کرے؟ اس نے روتے ہوئے انکار کر دیا۔ ایجنٹ نے جب دیکھا کہ لڑکا نہیں مان رہا تو اس نے خود اس سے چھرا چھینا اور اس بیمار آدمی پر بے دردی سے وار کیے اور اسے قتل کر دیا۔ ہم سب بے بسی سے یہ خونی تماشہ

دیکھ رہے تھے اور رو رہے تھے۔ جب اس کی سانس نکل گئی تو ہم نے وہیں پڑے پتھر جمع کیے اور اس کی لاش پر رکھ دیے تاکہ ایک عارضی قبر بن جائے اور اسے وہیں چھوڑ کر آگے بڑھ گئے۔

موت کے سائے اور ترکی بارڈر

شیراز سے آگے ہمیں تین چھوٹے گروہوں میں تقسیم کیا گیا اور ایک ڈائیوو بس کے انجن کے ساتھ ایک چھوٹے آہنی باکس میں چھ افراد کو بند کر دیا گیا۔ اس حبس اور گرمی میں ہم سب موت کے قریب تھے۔ وہاں سے ہمیں ماکو کے پہاڑ پر پہنچایا گیا جو ترکی اور ایران کے درمیان سرحد ہے اور ہمیں نئے ایجنٹ سینا کے حوالے کر دیا گیا۔ وہاں دوسرے گروہ بھی پہلے سے موجود تھے۔ ایجنٹ کی طرف سے رات کی تاریکی میں ہمیں سیمنٹ کے ایک تنگ پائپ کے ذریعے جو دیوار کے نیچے سے گزر رہا تھا ترکی میں داخل کرنے کا پروگرام بنایا گیا۔ میرا وزن 96 کلو تھا اور مجھے دمہ کی تکلیف بھی تھی اس پائپ میں پیٹ کے بل

رینگنا میرے لیے تقریباً ناممکن تھا۔ اس دوران ایجنٹ سینا نے ہمارے ساتھی بلال کو مارا جس کی وجہ سے میرا اس سے جھگڑا ہو گیا ان تمام ایجنٹوں نے مل کر مجھے بہت زیادہ مارا اور پتھروں سے لہولہان کر دیا۔

ٹنل کا خوفناک تجربہ اور گرفتاری

انتہائی زخمی حالت میں میں اس تنگ پائپ میں داخل ہوا۔ تقریباً 40 منٹ تک میں کہنیوں کے بل رینگتا رہا مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ میری جان نکل جائے گی لیکن علی خان پیچھے سے میری ہمت بڑھا رہا تھا اور کہہ رہا تھا لالہ ہمت کرو بس تھوڑا سا راستہ باقی ہے ہم پہنچ گئے ہیں۔ جب ہم دوسری طرف نکلے تو وہاں ترکی کی فوجی بکتر بند گاڑیاں اور سرچ لائٹس موجود تھیں۔ ہوائی فائرنگ ہوئی اور بھگدڑ مچ گئی۔ علی خان اور کچھ ساتھی بھاگنے میں کامیاب ہو گئے لیکن میرے سمیت 61 افراد پکڑے گئے۔

ترک فوجیوں نے پہلے ہمیں مارا پھر وہی ٹنل ہم سے پتھروں سے بند کرادی اور ہمیں واپس ایران کی طرف دھکیل دیا۔ اس وقت ہم سب زخمی تھکے ہوئے بھوکے اور پیاسے تھے لیکن ایجنٹ سینا پھر نمودار ہوا اور ہم سے مزید پیسوں کا مطالبہ کرنے لگا جب اسے سمجھ آگئی کہ یہاں اس کا کام نہیں بنے گا مزید پیسے نہیں مل سکتے تو وہ وہاں سے چلا گیا۔

ایک نصیحت

میری تمام دوستوں سے التجا ہے کہ خدا کے لیے اس راستے پر کبھی مت جایئے گا۔ اور اگر کوئی جاتا ہے تو وہاں صرف گونگا بہرا اور اندھا بن جانا ہی انسان کی زندگی بچا سکتا ہے۔ سینا جب تقریباً دو گھنٹوں کے طویل انتظار کے بعد واپس لوٹا تو اس کے چہرے پر تھکن اور بیزاری کے آثار نمایاں تھے۔ اس کے ایک ہاتھ میں پانی کی دو چھوٹی بوتلیں اور دوسرے ہاتھ میں چند کچلے ہوئے ٹماٹر تھے۔ پانچ افراد کے لشکر کے لیے یہ خوراک سمندر میں ایک قطرے کے برابر تھی جو

ہمارے ایک دانت کو تر کرنے کے لیے بھی کافی نہ تھی لیکن اس سخت قحط زدہ حالت میں جہاں پیاس کی وجہ سے ہمارے گلے خشک ہو چکے تھے ہمیں ایسا لگا جیسے بنی اسرائیل کے لیے آسمان سے من و سلویٰ اترا ہو۔ ہم نے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا اور ان ٹماٹروں کے ذروں کو بھی تبرک کی نظر سے دیکھا اور آپس میں تقسیم کر لیا۔ ابھی ہم نے اس معمولی خوراک سے زندہ رہنے کی امیدیں وابستہ کی ہی تھیں کہ سینا نے ایک ایسا اعلان کر دیا جو ہم سب پر آسمانی بجلی بن کر گرا۔ اس نے انتہائی خشک لہجے میں کہا تیار ہو جاؤ آج رات ٹھیک تین بجے ہم دوبارہ حرکت کریں گے یہ بات سنتے ہی ہمارے پیروں تلے سے زمین نکل گئی۔ ہم نہ تو ایسے سخت سفر کے لیے تیار تھے اور نہ ہی ہمارے وجود میں کسی نئے امتحان کے لیے ذہنی سکت طاقت باقی تھی۔ بھوک پیاس اور بے شمار زخموں نے ہمیں چلتی پھرتی لاشوں جیسا بنا دیا تھا۔ ہمارے جسموں سے خون رس رہا تھا اور ظلم یہ تھا کہ ہم ننگے پاؤں تھے۔ ترک فوج نے انسانی حقوق کی تمام حدیں توڑ دی تھیں انہوں نے ہمارے کپڑے اور جوتے جلا دیے تھے اور ہمیں

صرف انڈر رویئر میں انتہائی ذلت کے ساتھ واپس دھکیل دیا تھا۔ سینا کا یہ اعلان ملک الموت کے سائے جیسا تھا لیکن ہم میں انکار کی جرات نہ تھی ہم بغاوت کا تلخ ذائقہ پہلے چکھ چکے تھے۔

بارش کا قہر اور گدلے پانی کی نعمت

رات کے تین بجے تھے کہ آسمان نے بھی ہماری بے بسی پر رونا شروع کر دیا۔ تیز اور چبھتی ہوئی بارش برس رہی تھی اور ہم سب ننگے بدن سردی سے اس طرح کانپ رہے تھے جیسے ملاکنڈ کا کوئی سیلاب زدہ بے گھری کی حالت میں لرزتا ہے۔ لیکن قدرت کے کھیل نرالے ہیں یہی بارش ہمارے لیے پینے کا پانی ذخیرہ کرنے کا ذریعہ بن گئی۔ راستے کے گڑھے میں گدلا اور مٹی ملا پانی جمع ہو رہا تھا جسے عام حالات میں شاید ہم ہاتھ لگانا بھی پسند نہ کرتے لیکن اس وقت وہ ہمارے لیے کسی بھی قیمتی منرل واٹر اور آبِ حیات سے کم نہ تھا۔ ہم نے اپنی خالی بوتلیں اس مٹیالے اور ناپاک پانی سے بھر لیں اور اسے اپنی زندگی کا کل

اثاثہ سمجھ کر سینے سے لگالیا۔ رات کے سواچار بجے سینادوبارہ نمودار ہوااس نے غافل سوئے ہوئے لوگوں کو ٹھوکریں مار کر جگایااور ہمیں دوسرے گروہوں کے ساتھ ملا کرایک بار پھر نامعلوم مسافت کی طرف دھکیل دیا۔

فوجی تشدد

تقریباً چالیس منٹ کی مسافت کے بعد خاردار تاروں کاایک موڑ سامنے آیاجس کی دوسری طرف ایک گہرانالہ تھا۔ سینانے اشارہ کیاکہ ہمیں یہاں ایک تنگ پائپ کے ذریعے دوسری طرف پار ہونا ہے۔ میرا پوراوجود زخموں سے چور تھا ہاتھوں اور پاؤں سے خون بہہ رہا تھااور اس سیمنٹ سے بنے تنگ پائپ میں داخل ہونا مجھے تقریباً ناممکن لگ رہا تھا لیکن جب موت سامنے آئے توانسان بے بس ہو جاتا ہے۔ میں نے ہمت جمع کی اور جیسے تیسے دوسری طرف نکل گیا۔ ابھی ہم نے سکون کا سانس بھی نہیں لیا تھا کہ صبح کی روشنی پھیلتے ہی ایک فوجی بکتر بند گاڑی گردوغبار کے بیچ نمودار ہوئی۔

فوجی تیزی سے گاڑی سے اترے اور خوف پھیلانے کے لیے اندھادھند فائرنگ شروع کردی۔ انہوں نے سینا کو پکڑ لیا اور چمڑے کے بیلٹ سے اس کی کمر نیلی کردی۔ سینا کو جب موقع ملا تو وہ واپس پائپ میں گھس گیا لیکن فوجیوں کا تمام غصہ ہم بے گناہ لوگوں پر نکلا۔ انہوں نے ہمیں ان نوکیلے پتھروں کرش پر جو زمین پر پڑے تھے گھسیٹا اور ننگے پاؤں ان پر ہم سے دوڑیں لگوائیں۔ اس وحشیانہ تشدد کے بعد انہوں نے ہمیں ایک ایک کر کے اسی پائپ کے ذریعے واپس ایران کی طرف دھکیل دیا۔

پشتون خون کی بغاوت

جب ہم واپس ایران کی حدود میں پہنچے تو سینا ایک پتھر کے پیچھے سے اس حال میں نکلا کہ وہ ہنس رہا تھا۔ اس کی ہنسی ہمارے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف تھی لیکن ہم خاموش تھے۔ قریب ہی ایک غار تھا جو اندر سے معجزاتی طور پر ایئر کنڈیشنر کی طرح ٹھنڈا تھا۔ وہاں دو کتے سو رہے تھے جب انہوں نے

ہمیں دیکھا تو ایک کتا باہر چلا گیا اور دوسرے نے سر اٹھا کر ہمیں دیکھا اور واپس سو گیا۔ جب ہم وہاں دس منٹ بیٹھے تو اس غیر معمولی ٹھنڈک نے ہمارے زخموں میں درد پیدا کر دیا اس لیے ہم واپس باہر جھلساتی ہوئی دھوپ میں آ گئے۔

یہیں میرے رگوں میں پشتون خون نے جوش مارا جس کی فطرت میں ہمیشہ سے بغاوت شامل ہے۔ میں نے اپنے ساتھیوں کے کان میں فرار کا مشورہ دیا یہاں مرنے سے یہ بہتر ہے کہ بھاگ نکلیں یا تو ہم ایرانی فوج کے حوالے کر دیے جائیں گے یا پھر پیدل تہران پہنچ جائیں گے۔ شہزاد گجر ثقلین اور چیمہ کے پاس پہلے سے ایران کے ویزے تھے اس لیے ہمیں امید کی ایک کرن نظر آئی۔ ہم نے راستے میں پڑے ہوئے پرانے کپڑے اور بوتلیں اٹھالیں وہاں آپ کو ہر طرف پرانے کپڑے اور ڈھیروں پلاسٹک کی بوتلیں نظر آئیں گی جو ہم سے پہلے جانے والے لوگوں نے حالات اور بوجھ کی وجہ سے وہاں پھینکی ہوتی ہیں۔ جب

اندھیرا ہوا تو ہم نے فرار ہونے کی کوشش کی۔ لیکن یہ ہماری سب سے بڑی غلطی تھی وہ پورا علاقہ ایجنٹوں اوران کے زیرِاثر پولیس کا تھا۔

بلیڈ کی تیز دھار

ہم نے ابھی صرف دو تین گھنٹے کی مسافت ہی طے کی تھی کہ پیچھے سے سیٹیوں کی آوازیں آنا شروع ہو گئیں۔ ہم خوش ہوئے کہ شاید ایرانی فوج آگئی اور ہمیں گرفتار کر کے واپس پاکستان بھیج دے گی لیکن وہ سیناااور اس کے خونخوار ساتھی تھے۔ انہوں نے پہنچتے ہی ہم پر لاتوں اور گھونسوں کی بارش کر دی۔ سینا نے میری ناک پر اتنی زوردار ٹکر ماری کہ ناک سے خون کا ایک نہ رکنے والا فوارہ جاری ہو گیا۔ انہوں نے ہماری کمروں پر پانچ پانچ کلو وزنی پتھر مارے جس کی وجہ سے ہمارا حال بالکل خراب ہو گیا۔ سینا نے غصے میں ہمارے ایک ساتھی گجر کے بیگ سے استرا پا کھی نکالا اور اس کی گردن پر پھیر دیا۔ میں نے جب اسے روکنے کی کوشش کی تو اس نے مجھے بالوں سے پکڑ ازمین پر پٹخ دیااور استرا میری

گردن پر پھیرا جس سے خون کی ایک باریک لکیر نمودار ہوئی۔ گجر کے بدن پر زنجیر زنی ماتم کے نشانات دیکھ کر وہ مزید غصے میں آ گیا میرے خیال میں گجر شیعہ تھا لیکن جب میں نے گجر کا خون روکنے کے لیے اس کے زخم پر ہاتھ رکھا تو سینا نے میرے ہاتھ پر بھی وار کیا اور میرے ہاتھ سے بھی خون جاری ہو گیا۔ پھر پتہ نہیں کیوں اس کا دل نرم ہوا اور اس نے ہمیں چھوڑ دیا اور صفت نامی ایجنٹ کو فون کیا کہ کل مجھ سے ملنا۔ میں نے راستے سے اٹھائی ہوئی ایک سفید بنیان پھاڑی اور گجر کے زخم پر پٹی باندھی تاکہ اس کا خون رک جائے۔

افشین فرشتہ بہن

اس خوفناک رات کے بعد صبح صفت نامی ایک شخص ہم تین افراد شہزاد چیمہ اور مجھے ایک گاؤں لے گیا جہاں ہماری ملاقات ایک خاتون افشین سے ہوئی۔ افشین صفت کی بیوی تھی ایک پتلون اور قمیص پینٹ شرٹ میں ملبوس خود اعتماد اور خوبصورت خاتون۔ اس نے جب ہماری حالت دیکھی تو بہت دکھی ہوئی اور

ہمارے لیے چکن اسپگیٹی پکائی جو ہماری زندگی کی سب سے لذیذ خوراک ثابت ہوئی۔اس نے ہمارے ناپ کے جوتے اور کپڑے منگوائے اور ہمارے زخموں پر مرہم بھی رکھا۔ وہاں تین چار دن گزارنے کے بعد جب ہماری حالت کچھ بہتر ہوئی تو اس نے ہم سے وعدہ کیا کہ وہ ہمیں ہر صورت ترکی کا بارڈر پار کرائے گی۔

کامیابی اور ماضی کی یادیں

اس بار ہم افشین بہن کے بتائے ہوئے مختصر راستے اور چیمہ کی ہمت کی برکت سے خاردار تاروں کو پار کرنے اور ترکی کی سرزمین پر قدم رکھنے میں کامیاب ہو گئے۔ چیمہ نے اپنی زندگی خطرے میں ڈال کر خاردار تاروں میں پھنسے ہوئے میرے پاؤں چھڑائے اس کا یہ احسان میں تمام عمر نہیں بھولوں گا۔اب ہم ترکی کے شہر وان کی طرف رواں دواں تھے۔

وان شہر کی تاریخ

شہرِ وان ترکی کے مشرق میں واقع ایک قدیم اور قدرتی خوبصورتی سے مالامال شہر ہے۔ یہ شہر وان جھیل کے کنارے واقع ہے اور ایران کے بارڈر کے قریب ہے۔ وان ان شہروں میں سے ایک ہے جس کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ تقریباً 3000 سال پہلے وان اورارتو سلطنت کا حصہ تھا اس وقت اس شہر کو توشپا کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ شہر کے مرکز میں ایک بہت بڑا اور تاریخی قلعہ موجود ہے جو اورارتو دور کی نشانی ہے۔ وان جھیل ترکی کی سب سے بڑی جھیل ہے اور اس شہر کا سب سے بڑا سرمایہ سمجھی جاتی ہے۔ اس جھیل کا پانی نمکین ہے جو جلد کی بعض بیماریوں کے لیے مفید مانا جاتا ہے۔ اس جھیل میں چند جزیرے بھی ہیں جن میں سب سے مشہور اکدامار جزیرہ ہے جہاں ایک بہت پرانا آرمینیائی کلیسا بھی موجود ہے جو دیکھنے کے لائق ہے۔ وان ترکی میں چند چیزوں کی وجہ سے بہت مشہور ہے۔ وان کی بلیاں یہ بلیاں پوری دنیا میں مشہور

ہیں کیونکہ ان کی ایک آنکھ کا رنگ سبز اور دوسری کا زرد یا نیلا ہوتا ہے۔ان کی ایک اور عجیب صفت یہ ہے کہ یہ پانی سے نہیں ڈرتیں اور تیراکی کر سکتی ہیں۔وان کا ناشتہ ترکی میں وان کا ناشتہ چائے بہت مشہور ہے جس میں علاقے کا خالص شہد پنیر اور دیگر قدرتی اشیاء شامل ہوتی ہیں۔ ایران کے بارڈر سے قریب ہونے کی وجہ سے یہ شہر ایک اہم تجارتی مرکز ہے۔ بہت سے ایرانی خریداری کے لیے وان آتے ہیں۔ یہاں کے لوگوں کی آمدنی کا بڑاذریعہ گلہ بانی اور زراعت ہے۔ وان ایک بلند اور پہاڑی علاقے میں واقع ہے یہاں سردیوں میں بہت سردی اور برف باری ہوتی ہے جبکہ گرمیاں معتدل اور خوشگوار ہوتی ہیں جو سیاحوں کے لیے بہترین وقت ہے۔

وان پہنچ کر میں وہاں ایک پتھر پر بیٹھا تھا کہ بلوچستان کا وہ دن میری آنکھوں کے سامنے آگیا جب ہم پیاس سے پاگل ہو رہے تھے اور گدلے پانی کے ایک گڑھے پر ایک دوسرے سے لڑ رہے تھے۔ مجھے علی خان یاد آیا جس نے مجھے اس وقت ڈھونڈ نکالا جب گدھ میرے گرد منڈلا رہے تھے اور میری جان نکلنے

والی تھی۔ اور ان سب سے بڑھ کر مجھے وہ پانچ سالہ معصوم بچہ یاد آیا جو اس جھلساتی ہوئی صحرا میں پراٹھوں کے تھیلے اور ٹھنڈے پانی کے ساتھ نمودار ہوا ہمیں زندگی کا تحفہ دیا اور پلک جھپکتے ہی نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ وہ یقیناً کوئی فرشتہ تھا جسے اللہ نے ہماری فریاد سننے کے لیے بھیجا تھا۔

وان کا سفر اور ایجنٹوں کی بے رحمی

ہمارا سفر وان کی طرف جاری تھا لیکن یہ سفر کسی خوشگوار منزل کی تلاش کے بجائے خوف ڈر اور بے بسی کا مجموعہ تھا۔ راستے میں قدم قدم پر انسانی اسمگلنگ کے ایجنٹ شکاریوں کی طرح چھپے بیٹھے تھے اور ہم سے مختلف طریقوں سے پیسے بٹور رہے تھے۔ کبھی وہ ہمیں کھانے کی امید دلاتے کبھی پانی کی کمی کا ڈر دکھاتے اور کبھی چوروں کے فرضی خوف کے بہانے ہماری جیبیں خالی کرتے۔ حد تو یہ تھی کہ جب ان کا بس نہ چلتا تو وہ جبر اور زبردستی سے بھی کام لیتے تھے۔ میرے پاس میری پوری زندگی کی جمع پونجی تقریباً 35 ہزار روپے تھے

جو میں نے بڑی احتیاط سے اپنے بیگ میں چھپا رکھے تھے تاکہ برے وقت میں کام آئیں۔ لیکن بدقسمتی سے راستے میں ایجنٹوں نے ایک چال چلی اور ہمیں پولیس کا ڈر دکھا کر ہمارے بیگ ہم سے لے لیے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس تلاشی لے رہی ہے اس لیے اپنا سامان ہمارے حوالے کر دو۔ اس بیگ میں نہ صرف میری نقد رقم تھی بلکہ میری ادویات اور ضروری کپڑے بھی تھے جو چند لمحوں میں مجھ سے چھین لیے گئے اغوا کر لیے گئے۔

وان کی خواب گاہ اور قید کے تلخ دن

وان پہنچنے کے بعد ہمیں ایک ایسی جگہ لے جایا گیا جسے ایجنٹ اپنی اصطلاح میں خواب گاہ سونے کی جگہ کہتے ہیں۔ یہ خواب گاہ دراصل ایک تاریک جیل تھی جہاں غیر قانونی تارکینِ وطن کو جانوروں کی طرح ٹھونسا جاتا تھا تاکہ وہاں سے انہیں دوسرے مختلف شہروں میں اسمگل کیا جا سکے۔ ہم وہاں سات دن قید رہے وہاں زندگی اور موت کے درمیان بہت باریک لکیر باقی رہ گئی تھی۔ ہر

روز صبح 11 بجے اور پھر رات 11 بجے ہمیں خشک روٹی کا ایک ٹکڑا دیا جاتا جو اتنا سخت اور بے ذائقہ ہوتا کہ حلق سے اتارنا بھی ایک معرکہ تھا۔

ایجنٹ کی بے رحمی اور بے حسی کا یہ حال تھا کہ اس نے ہر مسافر سے ایک لاکھ بیس ہزار کلدارے روپے لیے تھے اور بدلے میں انہیں ایک جعلی کارڈ دیا تھا جسے وہ برگہ کہتے تھے۔ یہ کارڈ دراصل ترکی کی شہریت کا ایک بوگھس اور جعلی کاغذ تھا۔ اس کے بعد ہمیں ایک ایسی گاڑی میں ٹھونسا گیا جس میں بمشکل چند افراد کی جگہ تھی لیکن وہاں 60 افراد بیٹھے تھے۔ گاڑی بسوں کے اڈے اوتوگار ترکی زبان میں اوتوگار بس ٹرمینل یا اڈے کو کہتے ہیں کی طرف روانہ ہوئی راستے میں ایجنٹ مسلسل پولیس کے ساتھ رابطے میں تھے یہاں تک کہ انہوں نے خود ہمیں پولیس کے حوالے کر دیا۔

حکومتی کیمپ کی زندگی اور ڈی پورٹ ہونے کا خوف

پولیس نے ہمیں مختلف مراحل سے گزارا اور آخر میں ترکی کے ایک بہت بڑے غیر ملکی مہاجر کیمپ کے حوالے کر دیا یہ کیمپ ازمیر میں واقع تھا۔ ازمیر Izmir شہر جو قدیم زمانے میں سمیرنا Smyrna کے نام سے جانا جاتا تھا ترکی کا تیسرا بڑا شہر اور بحیرہ ایجیئن Aegean Sea کے کنارے واقع قدیم ترین اور تاریخی علاقوں میں سے ایک ہے۔

یہاں ازمیر کی ہزاروں سالہ تاریخ کی تفصیل درج ہے

- ازمیر کی تاریخ تقریباً 8500 سال پرانی ہے۔ نو سنگی دور Neolithic کے آثار بتاتے ہیں کہ یہ اناطولیہ کی قدیم ترین بستیوں میں سے ایک تھی۔
- یہ شہر پہلے یونانیوں نے آباد کیا اور مشہور شاعر ہومر Homer کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ اسی شہر میں رہتا تھا۔

- سکندرِ اعظم نے اس شہر کی نئی بنیاد پاگوس کی پہاڑی پر رکھی۔ رومی دور میں ازمیر نے اپنا سنہری دور گزارا اور یہ ایشیا کا اہم تجارتی و مذہبی مرکز رہا۔
- 1424 میں سلطان مراد ثانی نے اسے مکمل طور پر خلافتِ عثمانیہ کا حصہ بنایا۔ عثمانی دور میں یہاں یہودی عیسائی اور مسلمان مل کر رہتے تھے اسی لیے اسے گیاور ازمیر تنوع والا شہر کہا جاتا تھا۔
- 9 ستمبر 1922 ازمیر کی تاریخ کی اہم ترین تاریخ ہے جب مصطفیٰ کمال اتاترک کی فوج نے اسے یونانیوں سے آزاد کرایا۔ آج ازمیر ترکی کا ایک جدید سیکولر اور ترقی یافتہ شہر ہے جسے ایجیئن کا موتی کہا جاتا ہے۔

وہاں پہنچتے ہی سب سے پہلے ہماری تذلیل کی گئی ہمارے جوتے کپڑے تسمے بیلٹ اور ہر چیز ہم سے لے لی گئی اور جیل کے مخصوص کپڑے پہنا دیے گئے۔ ہماری شناخت ایک قیدی کے طور پر ہوئی تصاویر لی گئیں اور ایک فارم پر ہماری

دسوں انگلیوں کے نشانات فنگر پرنٹس لیے گئے۔ ہمیں پلاسٹک کا ایک عارضی کارڈ دیا گیا جو ہماری نئی پہچان تھی۔ جب میں نے ایک پولیس والے سے اپنے مستقبل کے بارے میں پوچھا تو اس نے بڑی سرد مہری سے جواب دیا ہو سکتا ہے تم یہاں چھ ماہ سے ایک سال تک رہو اور اس کے بعد تمہیں تمہارے وطن ڈی پورٹ واپس کر دیا جائے گا۔ یہ سن کر میرے پیروں تلے سے زمین نکل گئی کیونکہ میں اپنا سب کچھ داؤ پر لگا کر یہاں آیا تھا۔

کیمپ کی سلیمانی چائے کا ذائقہ

اگرچہ کیمپ کی زندگی جیل جیسی تھی اور نظم وضبط کی سخت پابندیاں تھیں لیکن انسانی ہمدردی کی بنیاد پر سہولیات بھی موجود تھیں۔ ہمیں نہانے کے لیے گرم پانی شیمپو صابن تولیہ اور روزمرہ ضرورت کی ہر چیز دی جاتی تھی۔ دن میں تین وقت کھانا ملتا۔ صبح کا آغاز سلیمانی چائے کالی پتی کا قہوہ سے ہوتا جس میں دودھ نہیں ہوتا تھا ساتھ میں ٹماٹر کھیرا ابلا ہوا انڈا یا کوئی پھل ملتا۔ دوپہر میں ابلے

چاول پاستا یا گندم کا دلیہ ہوتا جبکہ رات کو دہی اور کبھی گوشت کا سالن شوربہ دیا جاتا۔ سگریٹ پینے والوں کو سگریٹ دیے جاتے اور جو نہیں پیتے تھے انہیں 10 منٹ کے لیے پارک میں تازہ ہوا لینے کی اجازت ملتی۔ یہ 10 منٹ ہماری پورے دن کی قید میں سکون کے چند لمحات ہوتے تھے۔

سامسون کا سفر اور ایجنٹ کی غداری

کیمپ میں تقریباً 15 دن گزارنے کے بعد ہمیں نئے برگے کارڈ دیے گئے اور ترکی کے شہر سامسون بھیج دیا گیا۔ روانگی سے قبل ہمارا مکمل طبّی معائنہ ہوا تاکہ تصدیق ہو سکے کہ کوئی بیمار تو نہیں۔ 12 گھنٹے کی مسافت کے بعد جب ہم سامسون پہنچے تو وہاں کے سمندر کے کنارے اور ترقی نے ایک لمحے کے لیے ہمیں حیران کر دیا۔ سامسون ترکی کے شمال میں بحیرہ اسود Black Sea کے کنارے واقع ایک تاریخی اور ترقی یافتہ شہر ہے جسے بحیرہ اسود کا دارالحکومت بھی کہا جاتا ہے۔

ترکی کی جدید تاریخ میں سامسون کا مقام بہت خاص ہے کیونکہ مصطفیٰ کمال اتاترک نے 19 مئی 1919 کو اسی شہر سے ترکی کی آزادی کی جنگ کا آغاز کیا تھا۔ یہاں کی آب وہوا معتدل ہے اور بارشوں کی وجہ سے یہ علاقہ بہت سرسبز ہے۔ یہاں ترکی کی ایک بڑی یونیورسٹی اوندو کوزمائیس بھی واقع ہے۔

لیکن ہماری حقیقت یہ تھی کہ ہم صرف پناہ گزین تھے۔ وہاں پولیس نے ہمیں روکا لیکن کارڈ دیکھ کر چھوڑ دیا اور ہدایت کی کہ کل صبح کمشنر کے دفتر میں حاضر ہوں۔ ہمارے پاس رہنے کی جگہ نہیں تھی لہٰذا وہ سرد رات ہم نے بسوں کے اڈے پر بنچوں پر گزاری۔ اگلے دن ہم کمشنر آفس گئے تو ہمیں 15 دن کی رہائش کی اجازت نامہ مل گیا لیکن یہ صرف سامسون شہر تک محدود تھا۔ جب ہم نے ایجنٹ کو فون کیا کہ ہمیں استنبول پہنچائے تو اس نے بڑی بے شرمی سے جھوٹ بولا کہ ٹکٹ مل جائے گا لیکن جلد ہی اپنا موبائل بند کر دیا اور جاتے جاتے پیغام دیا مجھے میرے پیسے مل چکے ہیں اب تم زندہ رہو یا مرو میرا تم سے کوئی لینا دینا نہیں۔

مصلحتی جھوٹ اور استنبول کی منزل

ہم سامسون میں پھنس گئے تھے کیونکہ بس اڈوں کو حکم تھا کہ ہمیں شہر سے باہر نہ جانے دیں۔ میرے پیسے ختم ہو چکے تھے اور زبان نہ سمجھنے کی وجہ سے میں سخت فکر مند تھا۔اس مشکل وقت میں میں نے اپنے صوابی کے ساتھی سجاد کے ساتھ مل کر استنبول میں اپنے دوسرے دوست عزیز سے رابطہ کیا۔جب قانونی طریقے سے ٹکٹ نہ ملا تو ہم نے ایک مصلحتی جھوٹ کا سہارا لیا ہم نے کہا کہ حالیہ سمندری حادثے میں میرا بھائی ڈوب گیا ہے اور میرا وہاں پہنچنا بہت ضروری ہے واضح رہے کہ ہمارے آنے سے پہلے ایک حادثہ ہوا تھا جس میں یونان جانے والی کشتی ڈوب گئی تھی۔

اس انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ہمیں ٹکٹ دے دیا گیا۔عزیز نے اپنے پاس سے آن لائن پیسے دیے اور اس طرح ہم 38 گھنٹے کے سخت سفر کے بعد استنبول پہنچ گئے۔ واستنبول کی تاریخ تہذیب و تمدن کی ایک ایسی داستان ہے جس کا آغاز

ہزاروں سال پہلے یونانی مہاجرین کے ہاتھوں بازنطیم کے نام سے ہوا لیکن اسے اصل شہرت تب ملی جب 330 عیسوی میں شہنشاہ قسطنطین نے اسے سلطنتِ روم کا نیا دارالحکومت قرار دے کر اس کا نام قسطنطنیہ رکھا۔ یہ شہر صدیوں تک عیسائیت فن اور تجارت کا عالمی مرکز رہا اور اپنی مضبوط فصیلوں کی بدولت ایک ناقابلِ تسخیر قلعہ بنا رہا یہاں تک کہ 1453 میں خلافتِ عثمانیہ کے جوان سلطان محمد فاتح نے اسے فتح کر لیا۔ بازنطینی سلطنت کے زوال کے ساتھ ہی انہوں نے یہاں عثمانی دبدبے کی بنیاد رکھی اور اس شہر کو خوبصورت مساجد محلوں اور مدرسوں سے سجا کر دنیا کی طاقتور ترین اسلامی خلافت کا مرکز بنا دیا۔ 1923 میں جمہوریہ ترکی کے قیام کے بعد اگرچہ دارالحکومت انقرہ منتقل کر دیا گیا اور اس شہر کا نام باقاعدہ طور پر استنبول پڑ گیا لیکن یہ آج بھی اپنے جغرافیائی محلِ وقوع ایشیا اور یورپ کے درمیان پل اور عظیم الشان تاریخی ورثے کی وجہ سے دنیا کے اہم ترین اور خوبصورت ترین شہروں میں شمار ہوتا ہے جو بازنطینی عیسائیت اور عثمانی اسلامیت کی ثقافتوں کا ایک حسین سنگم پیش کرتا ہے۔

ہاں پہنچ کر جب عزیز سے ملے تو وہ ہمارے لیے بر گر اور پیپسی لایا وہ صرف کھانا نہیں تھا بلکہ ایک نئی زندگی کا احساس تھا۔ عزیز کے گھر میں ہم 16 افراد تھے جو پاکستان اور افغانستان سے آئے تھے لیکن ہم سب ایک دوسرے کے دکھ سکھ کے شریک اور بھائی بن چکے تھے۔

استنبول میں روزگار کی کوششیں اور ترکی معاشرہ

استنبول میں زندگی آسان نہ تھی۔ میری زندگی کے وہ دن بہت کٹھن تھے کئی روز گھر پر بے کاری میں گزرے اور جیب بالکل خالی تھی۔ جب میرے کمرے کے ساتھی کھانا تیار کرتے تو میں کسی نہ کسی بہانے باہر نکل جاتا تاکہ انہیں لگے کہ میں کھانا کھا چکا ہوں۔ وہاں انڈی والی اشتراکی سسٹم تھا جس میں سب دوست مل کر ہفتہ وار رقم جمع کرتے تھے تاکہ گھر کا راشن بجلی گیس اور پانی کے بل ادا کیے جا سکیں۔ میرے دوستوں نے بہت اصرار کیا کہ جب تک تم کام سے نہیں لگ جاتے تم ہمارے مہمان ہو لیکن میری غیرت اور خودداری کو یہ

گوارا نہ تھا کہ میں کسی پر بوجھ بنوں یا ادھار لوں۔ ترکی میں روٹی کو ایکمک Ekmek کہتے ہیں۔ جب سب دوست کام پر چلے جاتے تو میں پچھلے دنوں کی بچی ہوئی وہ روٹیاں اٹھاتا جن پر فنگس الّی لگنے کی وجہ سے نیلاہٹ آچکی ہوتی تھی۔ میں انہیں دھوتا اور گرم پانی میں نرم کر کے کھالیتا حالانکہ اکثر طبیعت اس قدر بگڑ جاتی کہ الٹی ہو جاتی۔ ایک دن میرے دوست عزیز نے بھانپ لیا اور ہنستے ہوئے کہا اے خدا کے ظالم یہ بھائی کس دن کام آئیں گے؟ چلو تیار ہو جاؤ آج باہر گھومنے چلتے ہیں۔ ہم استنبول کے علاقے داؤد پاشا سے نکلے۔ یہ علاقہ عثمانی دور کے مشہور سپہ سالار کوکا داؤد پاشا کے نام سے منسوب ہے جنہوں نے سلطان بایزید ثانی کے دور میں عظیم خدمات انجام دیں۔ ہم میٹرو کے ذریعے آق سرائے Aksaray پہنچے۔ یہ فاتح کے علاقے کا وہ مصروف ترین مرکز ہے جو اپنے الیکٹرونکس موبائل مارکیٹس اور کپڑوں کے بڑے بازاروں کی وجہ سے پوری دنیا بالخصوص پاکستان اور افغانستان کے تاجروں کی پہلی پسند ہے۔ وہاں ہم نے سب سے پہلے Samsung J7 Prime خریدا — وہ

موبائل جو اپنی مضبوط دھاتی باڈی اور پائیداری کی وجہ سے آج بھی ایک بہترین انتخاب مانا جاتا ہے۔ اس کے بعد عزیز نے میرے لیے کپڑے اور جوتے خریدے ہم نے ہوٹل میں پیٹ بھر کر کھانا کھایا اور آخر میں اس نے مجھے 500 لیرا ترک کرنسی بھی دیے اور کہا کہ جب کام لگ جائے تو لوٹا دینا۔ شاپنگ کے تمام اخراجات بھی اسی نے اٹھائے۔ سچ تو یہ ہے کہ پردیس میں عزیز جیسے دوست ہی انسان کا حوصلہ ہوتے ہیں۔

میں نے کئی دن کارخانوں کے چکر لگائے اور ہر دروازے پر پوچھتا ایلمان لازم وار؟ کیا کاریگر کی ضرورت ہے؟۔ شروع میں ہر جگہ سے نانہیں کا جواب ملا پھر ایک جگہ اوتوچی کپڑے استری کرنے کا کام ملا جو کچھ عرصہ بعد بند ہو گیا۔ اس کے بعد میں نے ایک اور کارخانے میں 1200 لیرے پر کام شروع کیا جہاں فینسی قمیصیں بنتی تھیں۔ میری کوششیں جاری تھیں یہاں تک کہ ایک کلینک میں مترجم Translator کے طور پر کام کا موقع ملا لیکن غیر قانونی ہونے کی وجہ سے وہ کام ہاتھ سے نکل گیا۔ آخر کار عزیز کی مدد سے ایک ایسے کارخانے

میں کام ملا جہاں دروازوں کے ہینڈل بنتے تھے وہاں تنخواہ 1800 لیرے تھی جو میرے لیے بڑا سہارا بنی۔

ترکی میں ایک سال گزارنے کے بعد مجھے احساس ہوا کہ ترک قوم اپنے وطن اور کام سے بے پناہ محبت کرتی ہے۔ وہاں سیٹھ ہو یا مزدور سب مل کر کام کرتے ہیں اور ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں۔ ترک لوگ اتنے اصولی ہیں کہ میں تین دن کام پر جلدی گیا تو جب جمعرات کو میری تنخواہ آئی تو اس کے اوپر کچھ ریزگاری جسے وہاں قروش کہتے ہیں زائد تھی میں حیران ہوا تو انہوں نے بتایا کہ تم تین دن وقت سے پہلے آئے تھے اس کا معاوضہ ہے۔ ایک اور واقعہ ہمیشہ یاد رہے گا جب میں نے 25 کلو وزن اکیلے اٹھایا تو ادارے نے مجھ پر جرمانہ کر دیا کہ میں نے اپنی صحت کی پرواہ کیوں نہیں کی۔ جو قوم ایک انسان کی صحت اور حقوق کا اتنا خیال رکھتی ہے ان کی ترقی میں پھر کوئی شک باقی نہیں رہتا۔

جیسا کہ میں نے پہلے ذکر کیا تھا کہ ہماری جمعہ اور ہفتہ کی چھٹی ہوا کرتی تھی۔ ہم تین چار دوست سیاحت Tourism کے بہت شوقین تھے۔ ہم ہر جمعہ اور ہفتہ ترکی کے تاریخی مقامات کی سیر کے لیے جایا کرتے تھے۔ جمعہ کا دن تھا دوستوں نے آپس میں ارادہ کیا کہ عظیم صحابیِ رسول حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مزارِ اقدس کی زیارت کے لیے چلتے ہیں۔ یہاں پہلے میں حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی شخصیت اور ان کے بلند مقام کا ذکر کروں گا اس کے بعد دوبارہ اپنی سفر نامے کو طوالت دوں گا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا تعارف اور مقام

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ جن کا اصل نام خالد بن زید تھا مدینہ منورہ کے قبیلہ خزرج کے بڑے اور مانے ہوئے جلیل القدر صحابہ میں سے تھے۔ انہیں اسلامی تاریخ میں میزبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے میزبان کا

بہت اونچا مقام اس لیے حاصل ہوا کیونکہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی تو آپؐ سات ماہ تک ان کے گھر میں مہمان رہے۔

ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے تمام اہم جنگوں مثلاً بدر احد اور خندق میں بڑی بہادری اور جوانمردی کے ساتھ حصہ لیا تھا اور زندگی کے آخری لمحے تک علم اور جہاد کی راہ میں دین کی خدمت کی۔ آپ ایک نہایت پرہیزگار اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں سے محبت کرنے والے انسان تھے جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت زیادہ احادیث بھی روایت کی ہیں۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت فرمائی تو مدینہ کے ہر ایک گھر میں خوشی کی وجہ سے ایک عجیب قسم کا شور و غل جوش و خروش برپا تھا۔ انصار کے ہر قبیلے اور ہر ایک خوش نصیب کی یہ دلی تمنا تھی کہ کاش مہمانی کا یہ شرف مجھے مل جائے۔ جب کبھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی قصواء کسی کے گھر کے سامنے سے گزرتی تو وہ لوگ دوڑ کر اونٹنی کی مہار پکڑ

لیتے اور بڑی محبت سے عرض کرتے کہ اے اللہ کے رسول ہمارے ہاں تشریف لائیے یہاں آپ کا بہت خیال رکھا جائے گا حفاظت کا مکمل انتظام ہے اور خدمت کا ہر قسم کا سامان تیار ہے۔

لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو بہت زیادہ نرمی کے ساتھ فرماتے تھے کہ اس اونٹنی کی مہار چھوڑ دو اسے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ یہ کہاں ٹھہرے گی۔ تمام لوگ انتظار میں کھڑے تھے کہ دیکھیں یہ بخت آور خوش نصیب اونٹنی کس کی دہلیز در شل پر بیٹھے گی۔اونٹنی اسی طرح رواں دواں تھی یہاں تک کہ جب بنی نجار کی گلی میں حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر کے سامنے پہنچی تو وہاں پہلے ایک مرتبہ بیٹھی پھر دوبارہ کھڑی ہو گئی تھوڑا سا آگے بڑھی اور پھر واپس مڑ آئی اور اسی پہلے والی جگہ پر دوبارہ بیٹھ گئی۔

اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زبان سے یہ کلمات نکلے کہ ان شاءاللہ یہی منزل ہے۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے جب یہ

حال دیکھا تو وہ خوشی کے مارے اپنے کپڑوں جامے میں نہیں سما رہے تھے انہوں نے فوراً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سامان اور کجاوہ اپنے کندھوں پر اٹھایا اور اپنے گھر لے گئے۔ اس طریقے سے اللہ تعالیٰ نے یہ بہت بڑی عزت حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے حصے برخ٥میں ڈال دی اور وہ تاریخ کے سب سے زیادہ خوش نصیب میزبان بن گئے۔

استنبول میں مزار کا مقام اور تفصیل

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا مزار استنبول میں ایوب سلطان کے نام سے تمام مسلمانوں کے لیے عقیدت کا ایک بہت بڑا مرکز ہے۔ سن 52 ہجری میں جب مسلمانوں کا لشکر قسطنطنیہ یعنی موجودہ استنبول کو فتح کرنے کے لیے روانہ ہوا تو حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے اس کے باوجود کہ وہ بوڑھے تھے اس سفر میں شرکت کی۔ محاصرے کی حالت میں ان کی وفات ہوئی اور اپنی وصیت کے مطابق قسطنطنیہ کی دیواروں کے پاس ایسی جگہ پر خاک

کے سپرد کیے گئے جو دشمن کی زمین کے قریب تھی۔ جب 1453 میں سلطان محمد فاتح نے استنبول فتح کیا تو حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی قبر دریافت کی اور وہاں ایک اعلیٰ جامع مسجد اور مقبرہ تعمیر کروایا۔ آج کل یہ جگہ استنبول کا سب سے پاک اور مقدس مقام مانی جاتی ہے اور ہر سال لاکھوں لوگ ان کی زیارت کے لیے آتے ہیں۔

داود پاشا میں ہمارے گھر سے ایوب سلطان تک تقریباً ایک گھنٹہ اور 10 منٹ لگتے تھے۔ پہلے داود پاشا اسٹیشن سے میٹرو M1A لائن لیں جو ینی کاپی کی طرف جاتی ہے۔ سب سے آسان راستہ یہ ہے کہ مالٹیپے اسٹیشن پر اتر جائیں۔ اسٹیشن سے باہر نکلیں اور وہاں سے ایوب سلطان کی طرف جانے والی بس جیسے 39 یا 39Y لیں۔ اگر آپ تھوڑا گھومنا چاہیں تو مالٹیپے سے ٹیکسی میں بھی 5-10 منٹ میں مزار تک پہنچ سکتے ہیں۔ جب آپ ایوب سلطان اسٹاپ پر اتریں گے تو مسجد اور مزار بالکل آپ کے قریب ہیں۔

ہم داود پاشا سے قریب ہی واقع اوتوگار بس اسٹیشن آ گئے وہاں سے ہم تین دوست میٹرو میں سوار ہوئے اور مالٹیپے اسٹاپ پر اتر گئے۔ پھر ایکس مال Axis Mall کے راستے سے سلطان ایوب روڈ پر جو سمندر کے کنارے واقع ہے روانہ ہوئے۔اور تقریباً 40 منٹ میں حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مزار تک پہنچ گئے۔ میرے ساتھ دوسرے دوست عزیز اور عمر تھے۔

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مزار کی زیارت

مزار کے دروازے پر ہماری تلاشی لی گئی۔ مزار میں داخل ہونے کا کسی قسم کا کوئی ٹکٹ نہ تھا۔ مزار سے متصل ایک بڑی مسجد بھی ہے۔ جب ہم مزار میں داخل ہوئے تو پہلے ہم نے زیارت کی۔ نفل اور دعا کے بعد ہم نے مزار کے مقدس اور تاریخی منظر پر روشنی ڈالنا شروع کی۔ پہلی چیز جو دلکش تھی وہ مزار کے نقش و نگار تھے جن پر فن کے ماہرین نے اپنی مہارت استادی اور تجربے کی

حد تمام کر دی تھی۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا مزار عثمانی خلفاء کے ہنر اور محبت کی ایک ایسی نشانی ہے کہ جس سے انسان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں۔ مزار کی دیواروں پر ازنک Iznik کی مشہور آسمانی اور سبز رنگ کی نقش و نگاری کی گئی ہے جسے دیکھنے سے انسان کی روح تازہ ہو جاتی ہے۔ اس نقش و نگار میں پھولوں پتیوں اور عجیب قسم کے غنچوں کے ایسے بے نظیر ڈیزائن بنائے گئے ہیں جو عثمانی دور کے فنکاروں کا کمال پیش کرتے ہیں۔

مزار کے اندر اور باہر جب انسان دیکھتا ہے تو قرآن شریف کی آیات اتنے خوبصورت خط میں لکھی گئی ہیں جس کی کوئی حد نہیں۔ خاص طور پر وہ سونے سے لکھی ہوئی خطاطی نے تو مزار کا دبدبہ مزید بڑھا دیا ہے۔ مزار کے اوپر گنبد اور چھتیں رنگین نقش و نگار سے بھری ہوئی ہیں اور بعض جگہوں پر عقیدت کی نشانی کے طور پر چاندی بھی استعمال کی گئی ہے۔ یہ سب کچھ صرف سجاوٹ کے لیے نہیں ہے بلکہ جب کوئی شخص وہاں کھڑا ہوتا ہے تو یہ نقش و نگار اسے اسلام

کی پرانی عظمت اور صحابہ کرام کے ساتھ مسلمانوں کی پاک اور خالص محبت کی داستان سناتے ہیں۔

نبی کریم ﷺ کے موئے مبارک اور نقشِ قدم کا تذکرہ

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مزار میں نبی کریم ﷺ کے مبارک بالوں اور قدم مبارک کے نشان کی زیارت استنبول میں مسلمانوں کے لیے بہت برکت کی جگہ ہے۔ حضور ﷺ کی داڑھی مبارک کے بال بہت احترام کے ساتھ شیشے کے برتنوں میں محفوظ کیے گئے ہیں جن میں سے زیادہ ترٹوپ کاپی محل میں ہیں لیکن ایوب سلطان کے مزار میں بھی عقیدت کی نشانی کے طور پر کبھی کبھار خاص دنوں میں زیارت کے لیے رکھے جاتے ہیں۔ مزار میں ایک پتھر پر نبی کریم ﷺ کے قدم مبارک کا نشان بھی موجود ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ایک معجزہ تھا کہ سخت پتھر پر حضور ﷺ کا قدم موم کی طرح نرم لگتا تھا اور اس پر نشان باقی رہ جاتا تھا۔ عثمانی سلاطین نے

ان تبرکات کو اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز رکھا اور مزار میں ان کے لیے ایسی جگہ بنائی ہے کہ ہر زیارت کرنے والا انہیں دیکھ کر دل کا سکون حاصل کرتا ہے اور اپنے نبی ﷺ کے ساتھ اس کی محبت کا رشتہ مزید مضبوط ہو جاتا ہے۔

مزار کے صحن میں چنار کا بڑا درخت

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مزار کے صحن میں چنار کا وہ بڑا درخت عقیدت اور تاریخ کی ایک عجیب نشانی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ درخت سلطان محمد فاتح کے پیر اور استاد حضرت آق شمس الدین نے مزار کی جگہ دریافت کرنے کے وقت خود لگایا تھا۔ اس درخت پر ایک تختی بھی لگی ہوئی ہے جس پر اس درخت کی قدیم تاریخ مزار کی تعمیر کا وقت جو تقریباً 1458 عیسوی بنتا ہے اور حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے بلند مقام کی شان میں دعا کے بہت خوبصورت کلمات لکھے گئے ہیں۔ اس درخت کے گرد لگی کتبوں پر نبی کریم ﷺ کی وہ مبارک حدیث بھی بہت شان سے لکھی گئی ہے

جس میں قسطنطنیہ کی فتح اور اس کے لشکر کی بشارت دی گئی ہے۔ مزار کی زیارت اور جمعہ کی نماز ادا کرنے کے بعد ہمیں بتایا گیا کہ یہاں سے تھوڑا آگے ایک پہاڑی ہے جو پیر لوٹی Pierre Loti پہاڑی کے نام سے مشہور ہے۔ وہاں کی سیر کا اپنا ہی مزہ ہے۔ آیئے کہ اب میں آپ کو اپنے ساتھ پیر لوٹی پہاڑی کی سیر پر لے چلوں۔

پیئر لوٹی کی پہاڑی

مزار سے تھوڑا اوپر ایک پہاڑی ہے جس پر لوگ ٹیلی فیرک کیبل کار میں چڑھتے ہیں۔ وہاں کے لیے سیڑھیاں بھی موجود ہیں لیکن وہ بہت زیادہ اور لمبی ہیں۔ اس جگہ سے استنبول کے سمندر کا بہت خوبصورت نظارہ ہوتا ہے۔ اس مقام سے استنبول مکمل طور پر ایسا صاف نظر آتا ہے جیسے ہاتھ کی ہتھیلی۔ وہاں ایک مشہور کیفے بھی ہے جہاں لوگ چائے اور قہوہ پیتے ہیں۔

تاریخی قبرستان

مزار کے گرد و نواح میں اور پہاڑی پر چڑھنے کے راستے میں بہت سے تاریخی قبرستان ہیں۔ وہاں عثمانی سلطنت کے دور کے بڑے بڑے وزراء علماء اور مشہور لوگوں کی قبریں ہیں جن کے کتبے بہت فنی انداز میں بنائے گئے ہیں۔ قبرستان سے یاد آیا کہ استنبول میں افغانوں افغانستان کے پختونوں کا بھی ایک مشہور قبرستان موجود ہے جس کی تاریخ عثمانی سلطنت تک پہنچتی ہے۔آیئے کہ اس کی تاریخ پر روشنی ڈالیں تاکہ ہر علاقے کا افغان اپنے عظمت تاریخ اور شجرے سے باخبر ہو سکے کیونکہ یہ نہ صرف افغانستان بلکہ دنیا کے تمام افغانوں کے لیے ---خواہ وہ پاکستان میں ہوں ہندوستان میں ہوں یا دنیا کے دیگر کونوں میں ہوں--- ایک اعزاز اور فخر کی بات ہے۔

استنبول میں افغانوں پشتونوں کا قبرستان

استنبول کے علاقے اسکودار Uskudar میں افغانوں کی ایک بہت پرانی خانقاہ موجود ہے جس کی تاریخ عثمانی خلافت کے دور تک پہنچتی ہے۔اس خانقاہ کے ساتھ ایک تاریخی قبرستان بھی ہے جس میں ان افغانوں کی قبریں ہیں جو سینکڑوں سال پہلے یہاں رہتے تھے یا یہاں وفات پائے تھے۔ان قبروں کے کتبوں پر ان کے نام اور یہ کہ وہ افغانستان کے کس صوبے یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے یہ بھی لکھا ہوا ہے۔یہ جگہ نہ صرف ایک قبرستان ہے بلکہ اس بات کا ثبوت ہے کہ افغانوں اور عثمانی ترکوں کے درمیان سینکڑوں سالوں سے کتنا مضبوط مذہبی اور ثقافتی رشتہ تھا۔

یہ بات بالکل واضح اور سچ ہے کہ افغانوں نے مشکل وقت میں عثمانی خلافت کی بھرپور حمایت کی تھی۔جب انیسویں صدی کے آخر میں روس اور عثمانیوں کے درمیان جنگیں جاری تھیں تو افغانستان سے ہزاروں مجاہدین رضاکارانہ طور پر

استنبول پہنچے تھے تاکہ خلیفہ اور مرکزِ اسلام کا دفاع کر سکیں۔ مشہور تاریخی روایات کہتی ہیں کہ ان افغانوں نے محاذوں پر اتنی بہادری سے جنگ لڑی تھی کہ عثمانی سلطان اور فوجی سربراہ انہیں احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ استنبول میں ان مجاہدین اور مسافروں کے لیے افغان خانقاہ افغان تکیہ بنائی گئی تاکہ انہیں عزت اور پناہ دی جا سکے۔ حتیٰ کہ پہلی جنگِ عظیم میں بھی سرحدی علاقوں کے افغانوں اور ہندوستان کے مسلمانوں نے عثمانیوں کے لیے مالی اور جانی قربانیاں دیں کیونکہ وہ خلافت کو پوری امت کا مشترکہ گھر سمجھتے تھے۔

افغانوں اور عثمانیوں کا رشتہ بہت قدیم تھا لیکن غازی امان اللہ خان کے دور میں یہ تعلقات مزید شہرت تک پہنچ گئے۔ جب ترکی میں خلافت کا نظام ختم ہوا اور مصطفیٰ کمال اتاترک نے جدید ترکی کی بنیاد رکھی تو غازی امان اللہ خان ان اولین سربراہوں میں سے تھے جنہوں نے ترکی کے ساتھ بھائی چارے کا ہاتھ بڑھایا۔ امان اللہ خان ترکی سے بہت متاثر تھے اور چاہتے تھے کہ افغانستان بھی

